جنرل ہسپتال میں 7 روزہ کورس اختتام پذیر ، ملک بھر سے ڈاکٹرز شریک، سرٹیفکیٹس تقسیم

آنکھیں انتہائی حساس عضو ہیں ،علاج کے لئے جدید تکنیک سے استفادہ کیا جائے :پروفیسر الفرید ظفر

امراض چشم کیلئے تربیتی کورس نوجوان ڈاکٹرز کی پیشہ وارانہ مہارت میں معاون ثابت ہوگا

ٹیکنالوجی پر مکمل عبور اور پیچیدہ بیماریوں سے متعلق بھرپور معلومات کیساتھ ہی ڈاکٹر اپنے شعبے میں ترقی کر سکتے ہیں :پروفیسر محمد معین

نوجوان ڈاکٹرز اعلیٰ تعلیم کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ گنوائیں : پروفیسر حسین احمد خاقان

مستقبل کے ڈاکٹرز کو سینئر معالجین نے آنکھوں کی مختلف بیماریوں اور جدید طریقہ علاج پر تفصیلی لیکچرز دیئے

لاہور 4 مارچ:...... پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے ہیلتھ ایجوکیشن پروگرام کے تحت لاہور جنرل ہسپتال میں شعبہ امراض چشم کے ینگ ڈاکٹرز کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے 7 روز تک جاری رہنے والا تربیتی کورس اختتام پذیر ہو گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد معین کی سربراہی میں ہونے والے اس تربیتی کورس میں ملک بھر سے ایف سی پی ایس، ایم ایس اور ایف آر سی ایس ڈاکٹرز نے شرکت کی جبکہ پروفیسر ڈاکٹر حسین احمد خاقان سمیت دیگر سینئر معالجین نے مستقبل کے ماہرین امراض چشم کو آنکھوں کی مختلف بیماریوں اور اُن کے جدید طریقہ علاج سے متعلق تفصیلی لیکچرز دیئے اور علاج معالجے کی جدید تکنیک کے حوالے سے عملی مظاہرہ بھی کیا۔

پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے اس 7 روزہ تربیتی کورس کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ رہنے اور بصارت برقرار رکھنے کے لئے دیگر جسمانی اعضاء کی طرح آنکھوں کی بھرپور حفاظت کی جائے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں متعدد وجوہات کی بنا پر آنکھوں کے امراض خصوصاً نابینا پن میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے جس کے لئے مستند معالجین کی اشد ضرورت ہے اور اس سلسلے میں ایسے تربیتی کورس اہم کردار ادا کر تے ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ آنکھوں کے امراض کے ماہرین کو چاہیے کہ وہ اپنی پیشہ وارانہ تعلیم اور مہارت میں اضافے کے لئے تربیتی کورسز اور ورکشاپس میں باقاعدگی سے شرکت کریں تا کہ آنکھوں کی مرض کی بڑھتی ہوئی شرح کو روکا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ یہ تربیتی کورس نوجوان ڈاکٹرز کی پیشہ وارانہ مہارت میں معاون ثابت ہوگا اور پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کی یہ کاوش لائق تحسین ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ آنکھیں انتہائی حساس ہوتی ہیں اور ان کے علاج کے لئے جدید تکنیک سے استفادہ ضروری ہے جس کیلئے ایسے تربیتی کورسز ہوتے رہنا چاہئیں۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شعبہ امراض چشم جنرل ہسپتال کے سربراہ پروفیسر محمد معین کا کہنا تھا کہ ہمارے ڈاکٹرز میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ،ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوان ڈاکٹرز اعلیٰ تعلیم کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ گنوائیں۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز کی علم کی پیاس کبھی نہیں کم ہوتی اور وہی ڈاکٹر اپنے شعبے میں ترقی کرے گا جس کے پاس ٹیکنالوجی پر مکمل عبور اور پیچیدہ بیماریوں سے متعلق بھرپور معلومات ہوں۔ پروفیسر حسین احمد خاقان نے ڈاکٹرز کو امتحانات کے طریقہ کار کے حوالے سے بتایا جبکہ کورس کے اختتام پر سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے اور شرکاء نے پروفیسر محمد معین کی کاوشوں کی تعریف کی جن کے باعث اس کورس کا انعقاد ہوا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے پلیٹ فارم سے یہ پانچواں تربیتی کورس تھا جو ڈاکٹرز کی تربیت کے لئے منعقد ہوا۔

جنرل ہسپتال میں امراض چشم کورس میں ملک بھر سے شرکت کرنے والے ڈاکٹرز کا
پروفیسر محمد معین اور پروفیسر حسین احمد خاقان کے ساتھ گروپ فوٹو